ریزروبینک آف انڈیا
www.rbi.rog.in

آر بی آئی 2016-2017/289
آئی ڈی ایم ڈی، سی ڈی ڈی
2760/14.04.050/2016-17

20/اپریل 2017

چیئرمین و منیجنگ ڈائریکٹر
سبھی شیڈولڈ کمرشیل بینکس
(آر آر بی کو چھوڑ کر)

## پوسٹ آفس، اسٹاک ہولڈنگ کارپوریشن آف انڈیا لمیٹیڈ ایس ایچ سی آئی ایل
## نیشنل اسٹاک ایکسچنج آف انڈیا لمیٹیڈ و بامبے اسٹاک ایکسچنج لمٹیڈ

محترم/محترمہ

سوورجین بانڈس 18-2017 سریز، ا

**حکومت ہند نے اپنے نوٹفکیشن ایف نمبر (B)4(ڈبلووایم)/2017 مورخہ اپریل 20-2017 کے ذریعہ**

ساورین گولڈ بانڈس 18-2017 سریز، ا کا اعلان کیا ہے (بانڈس) فروخت کے لئے اپریل 24-2017 سے اپریل 28-2017 تک فراہم رہیں گے، حکومت ہند مخصوص مدت سے قبل ایک پیشگی نوٹس کے ذریعہ اسکیم کو بند بھی کرسکتی ہے، بانڈس کے اجراء سے متعلق اصول وضوابط حسب ذیل ہیں۔

**۱۔سرمایہ کاری کے لئے اہلیت:**

اس اسکیم کے تحت بانڈس کو ہندوستان میں مقیم شخص رکھ سکتا ہے، تنہا ہونے کے معاملہ میں وہ انہی صلاحیت کے مطابق تنہا خرید سکتا ہے یا نابالغ لڑکے کی طرف سے یا کسی دوسرے شخص کے ساتھ مشترکہ طور پر رکھ سکتا ہے۔ بانڈ کو ایک ٹرسٹ، چیریٹیبل ادارہ اور یونیورسٹی بھی رکھ سکتی ہے، ہندوستان میں مقیم شخص کی تشریح سیکشن ۲(وی) کے تحت کی گئی اس کو سیکشن ۲(یو) غیر ملکی زر مبادلہ منجمنٹ ایکٹ 1999 کے ساتھ ملا کر پڑھئے۔

**۲۔سیکورٹی فارم :**

بانڈس کو حکومت ہند اسٹاک کی شکل میں گورنمنٹ سیکوریز ایکٹ 2006 کے مطابق جاری کیا گیا ہے، سرمایا کاروں کو ہولڈنگ سرٹفیکیٹ (فارم) جاری کرنا ہوگا۔ بانڈس ڈی، میٹ فارم میں تبدیل ہونے کی لیسٹ کے حامل ہوں گے۔

**۳.اجراء کی تاریخ:**

اجراء کی تاریخ مئی 12-2017 ہوگی۔

**٤.قیمت:**

بانڈس کی قیمت یونٹ میں ایک گرام سونا اور کثیر جہتی شکل میں ہوگی، بانڈس میں کم از کم سرمایہ کاری ایک گرام اور خریداری کی حد ایک شخص کے ذریعہ پانچ سو گرام فی کس ٹیکس کے ذریعہ حاصل کردہ سالانہ آمدنی (اپریل، مارچ) ہوگی۔

**۵.اجراء کی قیمت:**

بانڈس کی قیمت ہندوستانی روپے میں انڈیا بلین اور جیولرس ایسوسی ایشن لمٹیڈ کے ذریعہ ہفتہ واری (دوشنبہ سے جمعہ) تک جاری کلوزنگ تحت 999 خالص سونا کی تخمینی قیمت کی بنیاد پر ہوگی، اجراء کی قیمت روپے 50 فی گرام عام قیمت سے کم ہوگی۔

**٦.سود:**

بانڈس شرح سود 2.50 فیصد (مقررہ شرح) کے حساب سے سالانہ بنیادی سرمایہ کاری رقم کی بنیاد پر سود ادا کریں گے، سود کے ادائیگی چھ ماہ کی بنیاد پر ہوگی اور آخری سود اصل رقم کی میچورٹی پر قابل ادا ہوگی۔

**۷.منظور کرنے والے دفاتر:**

شیڈولڈ کمرشیل بینکس (آر آر بی کو چھوڑ کر) پوسٹ آفس (جیسا کہ نوٹیفائڈ ہے) اسٹاک ہولڈنگ کارپوریشن آف انڈیا لمٹیڈ (ایس ایچ سی آئی ایل) اور منظور شدہ اسٹاک کی ایکسچنج مثلاً نیشنل اسٹاک ایکسچنج آف انڈیا لمیٹیڈ اور بامبے اسٹاک ایکسچنج لمیٹیڈ وغیرہ بانڈس کے لئے پیش کردہ درخواستوں کو منظور کرنے کے مجاز میں یا براہ راست یا ایجنٹس کے ذریعہ بھی درخواستیں پیش کی جاسکتی ہیں۔

**۸.ادائیگی کا متبادل:**

روپئے /20000 تک نقد ہندوستانی روپے کی شکل میں قبول کیا جائے گا یا ڈیمانڈ ڈرافٹ یا چیک یا الکٹرانک بینکنگ کے ذریعہ بھی سمنٹ کیا جاسکے گا، اگر چیک یا ڈیمانڈ ڈرافٹ کے ذریعہ کیا جائے گا تو اسے ریسونگ آفس کے حق میں قابل ادا ہونا ہوگا۔

**۹.ادائیگی:**

(i) بانڈس گولڈ بانڈس کے اجراء کی تاریخ مئی 12-2017 سے آٹھ برسوں کی مدت ختم ہونے پر دوبارہ قابل ادا ہوجائیں گے۔ بانڈس کی ادائیگی قیمت مکمل نہ ہونے کی صورت میں بانڈس کی اجراء کی تاریخ کے پانچویں سال میں شرح سود کی تاریخ مقرر کی جائے گی۔

(ii) ادائیگی کی تاریخ کا تعین ہندوستانی روپے میں 999 خالص سونا کی بند ہونے قیمت کا عام تخمینہ کے قبل کے ہفتہ (دوشنبہ سے جمعہ) آئی بی جے اے کی شائع قیمت ہوگی۔

(iii) ریسونگ آفس سرمایہ کار کو گولڈ بانڈس کی میچورٹی کی تاریخ سے ایک ماہ قبل مطلع کردے گا۔

**۱۰۔دوبارہ ادائیگی:**

ریسونگ آفس سرمایہ کاری کو بانڈ کی میچورٹی کی تاریخ سے ایک ماہ قبل مطلع کرائے گا۔

**۱۱۔اسٹیچومڑی لکوویڈٹی ریشیو(ایس ایل آر ) کے لئے اہلیت:**

بانڈس میں سرمایہ کاری ایس ایل آر کے لئے ہوگی۔

**۱۲۔بانڈس کے برخلاف قرض:**

بانڈس کو قرض کے لئے بطور ضمانت استعمال کیا جاسکتا ہے۔قرض کا ویلو ریشیو بطور عام گولڈ لون ہوگا اس سلسلہ میں آر بی آئی وقتاً فوقتاً ہدایت جاری کرتا رہتا ہے۔بانڈس کے مالکانہ حق کا اندراج جمع کرنے والے کے حق میں مجاز بینکوں کے ذریعہ کیا جائے گا۔

**۱۳۔ٹیکس کا معاملہ:**

بانڈس پر سود کا اطلاق ان کے ٹیکس ایکٹ 1961 کے مطابق ہوگا پونجی پر لگنے والا ٹیکس لینا چھوٹ پانے والے شخص کے معاملہ میں ایس جی بی کی چھوٹ کے بعد بڑھ جائے گا۔انڈکشن کا فائدہ طویل پونجی کے معاملہ میں کسی شخص کے ذریعہ بانڈس ٹرانسفر کرنے پر ہی ملے گا۔

**۱٤۔درخواست:**

بانڈس کی خریداری مقررہ درخواست فارم (فارم آنے) کسی دوسرے فارم پر جس میں گولڈ کے گرام کا اندراج واضح طور پر ہو اور درخواست گذار کا مکمل نام اور پتہ درج ہو بانڈس خریدے جاسکتے ہیں۔ریسونگ آفس حصولیابی رسید فارم بھی عرض گذار کو دیں گے۔

**۱۵۔نامنیشن:**

نامینشن اور اس کی منسوخی فارم ڈی اور فارم ۲ پر گورمنٹ سیکورٹی ایکٹ 2006 (2006 کا 3) اور سرکاری سیکوریٹز ریگویشن 200 کے مطابق کی جائے گی جن کا اجراء گزٹ آف انڈیا مورخہ ا ر دسمبر 2007 کے حصہ 111 کے سکشن ۴ میں کیا گیا ہے۔

**۱٦۔قابل منتقلی:**

بانڈس فارم ایف، پرسرکاری سیکوریٹیز ایکٹ 2006 (2006 کا 3) اور سرکاری سیکوریٹیز ریگولیشن 200، گزٹ آف انڈیا مورخہ ۴ر دسمبر 2007 میں شائع حصہ 111 کے سکشن ۴ کی تجاویز کے مطابق ٹرانسفر کے انسٹرومنٹ کی نیلامی کے ذریعہ منتقل کرسکتے ہیں۔

**۱۷۔بانڈس کی خریدوفروخت:**

بانڈس کی خرید وفروخت آر بی آئی کی نوٹیفائڈ تاریخ کی بنیاد پر اجراء کی پندرہ روز مدت میں ہوسکتے گی۔

**۱۸۔تقسیم کاری کے لئے کمیشن:**

تقسیم کاری کے لئے کمیشن کی ادائیگی سو روپئے پر ایک روپئے کی شرخ مجموعی فروخت جس کی

درخواستوں کی ریسونگ ریسونگ آفس کرے گا اور ریسونگ آفس کمیشن کا 50% حصہ کا ان اجنٹوں اور ضمنی ایجنٹوں کو دے گا جن کے ذریعہ کاروبار کیا جائے گا۔

**۱۹۔:**

دیگر اصول وضوابط کا ذکر حکومت ہند کی وزارت مالیات وڈپارٹمنٹ آف اکنامک افیسرس، نمبر (13)4 ڈبلو اور ایم/208 مورخہ ۸ر ستمبر 2008 میں کیا گیا ہے ان کا اطلاق بانڈس معاملہ میں ہوگا۔

**۲۰۔ساورین گولڈ**: بانڈس 17-2016 سریز، ا، سے متعلق آپریشن گائڈ لائن کا اجراء سرکاری آئی ڈی ایم ڈی سی ڈی ڈی نمبر 17-2759/14.04.050/2016 کو مورخہ اپریل 20-2017 کو ہو چکا ہے۔

آپ کا مخلص

(شائنی سنیل)

ڈپٹی جنرل منیجر